تبصرہ نگار: م۔ ح۔ ج

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ــــــ (ادارہ)

۔۔۔۔معجم القرآن، (جیبی سائز)، مصنف: سید فضل الرحمٰن، صفحات: ۳۶۰، قیمت: ۹۶، ناشر، زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے۴/ ۱۷/ ۱، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی۔ پوسٹ کوڈ: ۷۴۶۰۰، فون: ۶۶۸۴۷۹۰

سید فضل الرحمٰن صاحب حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نقش بندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحب زادے ہیں، اہل علم میں بھی بلند مقام کے حامل ہیں، علوم اسلامیہ کے ذخیرے میں قابل قدر تالیفات سے وقیع اضافہ فرمایا ہے، قرآن حکیم کی ایک مختصر تفسیر بھی زیر ترتیب ہے جس کی چھ جلد شائع ہو چکی ہیں، اس کے علاوہ انھوں نے قرآنی الفاظ کی ڈکشنری بھی مرتب فرمائی ہے جس کا جدید ایڈیشن بھی عنقریب منصۂ شہود پر آنے کی امید ہے، اس معجم القرآن (کبیر) کی ضخامت کے پیش نظر ان کا خیال ہوا کہ اس کا ایک اختصار تیار کر دیا جائے تاکہ طلبہ اور کم عربی جاننے والوں کے لیے مزید سہولت ہو جائے، اس طرح یہ خیال معجم القرآن (جیبی سائز) کی شکل میں متشکل ہوا ہے۔

اس جیبی سائز کی معجم القرآن میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ قرآن حکیم میں مفہوم اور شکل کے فرق سے جو الفاظ ملتے جلتے آرہے ہیں انھیں لے لیا گیا ہے، اس کے ساتھ مختصر معانی دے دیئے گئے ہیں تاکہ طالب فوری طور پر اپنے مطلوبہ لفظ اور اس معنی کو دیکھ لے، اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآنی ادب میں یہ ایک مفید اضافہ ہے، فہم قرآن کی امدادی کتب میں قابل قدر مقام کی حامل یہ معجم ان شاء اللہ مقبولیت حاصل کرے گی، کتاب کمپیوٹر کتابت اور سفید عمدہ کاغذ پر خوب صورت شائع کی گئی ہے، قیمت بھی مناسب ہے۔

۲۔۔۔۔فرہنگ سیرت، مصنف: سید فضل الرحمٰن، صفحات: ۳۲۸، قیمت: ۱۵۰، ناشر، زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے ۴/ ۱۷/ ۱، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی۔ پوسٹ کوڈ: ۷۴۶۰۰، فون: ۶۶۸۴۷۹۰

حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب کو سیرت نبوی کے موضوع سے خاص شغف ہے، انھوں نے سیرت کے موضوع پر ہادی اعظم صلی اللہ علیہ وسلم جیسی جامع کتاب تصنیف فرمائی ہے اور ان کی زیر ادارت ''السیرۃ عالمی'' جیسا علمی وتحقیقی ششماہی مجلہ بھی شائع ہوتا ہے، جس کے ۱۱ شمارے اب تک منظر عام پر آچکے ہیں، زیر تبصرہ کتاب ''فرہنگ سیرت'' سیرتی

ادب کے ذخیرے میں وقیع اضافہ ہے، اس قسم کی تالیفات پتہ ماری کا کام ہے، اس لیے یہ کام اداروں میں کیا جاتا ہے، لیکن اللہ جل شانہ نے حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب کو توفیق ارزانی فرمائی کہ ان سے یہ کام لے لیا گیا۔

مشہور مؤرخ اور سابق استاد شعبہ علوم اسلامی اور اسلامی تاریخ جامعہ کراچی، پروفیسر علی محسن صدیقی کی ماہرانہ رائے اس کتاب کے متعلق یہ ہے کہ ''کتاب کیا ہے معارف سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انسائیکلوپیڈیا ہے انھوں نے معلومات سیرت کو کوزے میں بند کر دیا ہے، اس موضوع پر میری نظر سے اردو میں کوئی کتاب اب تک نہیں گزری، یہ اردو کے ادب عالیہ میں بیش بہا اضافہ ہے، کتاب کا موضوع سیرت طیبہ ہے اور جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے حوالے سے تین ہزار اعلام کا اختصار کے ساتھ تعارف کرایا گیا ہے''۔

سیرت طیبہ میں مستعمل تقریباً تین ہزار الفاظ، مقامات، شہر، شخصیات، پہاڑوں، وادیوں، راستوں، میدانوں چشموں، قبائل وغیرہ کا اس فرہنگ میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

فرہنگ سیرت میں ۳۰ نقشے بھی دیے گئے ہیں جو بڑی مہارت اور محنت سے تیار کیے گئے ہیں، ان میں ۸ نقشے غزوات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے، ۴ سرزمین انبیاء واقوام قدیمہ کے، ۴ نقشے عرب قبائل کے اور ۳ نقشے قریش کے تجارتی راستے حجاز کے بازار اور تجارتی وادبی میلوں کے ہیں، اس کے علاوہ جزیرۃ العرب عہد نبوی میں مکہ مکرمہ، ہجرت مدینہ وغیرہ کے نقشے بھی شامل ہیں۔

ایک خصوصیت اس فرہنگ کی یہ بھی ہے کہ تمام اعلام پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں تاکہ قاری ان الفاظ کے تلفظ سے آگاہ ہو سکے، عموماً ہماری سیرت کی کتب میں اعراب کا التزام نہیں کیا جاتا اور عام قاری ان الفاظ کے اصلی اعراب سے آگاہ نہیں ہوتا جس کی وجہ سے بعض اوقات شرمندگی کا موقع بن جاتا ہے۔

سید فضل الرحمٰن صاحب ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انھوں نے بتوفیق الٰہی ایک بڑے کام کی بنیاد رکھ دی ہے، امید ہے ہر آنے والا ایڈیشن پہلے سے زیادہ ضخیم ہوتا جائے گا۔ کتاب سفید کاغذ پر عمدہ کمپیوٹر ٹائپ میں شائع کی گئی ہے اور خوب صورت سرورق سے مزین اور مجلد ہے۔

ائمہ کرام، اسکول کے پرنسپل اور بچوں کی تربیت کا درد رکھنے والے حضرات توجہ فرمائیں

(۱) آپ کے علاقے میں کوئی اسکول یا مکتب ہو تو ان کتابوں کو وہاں ضرور متعارف کروائیں۔ (۲) یہ کتابیں بغیر جاندار کی تصاویر کے، علماء اور اسکولوں کے اساتذہ کی زیر نگرانی تیار ہوئی ہیں (۳) ان کتابوں میں، تربیت، اخلاق، کردار، اسلامی آداب اور جدید علوم کے مضامین کو بچوں کی نفسیات کے موافق پیش لیا گیا ہے۔ (۴) یہ کتابیں گرمیوں کی چھٹیوں میں مختصر دینی کورس کروانے کے لئے بھی مفید ہیں۔

(اردو، انگریزی)

(۱) آسان دینیات (1-8)

(۲) نرسری، کے جی ون، کے جی ٹو کا مکمل نصاب

(۳) مثالی استاذ

1 Saeed Reader 1-4

2 Story Time (Part 1, 2, 3, 4, 5)

پسند فرمودہ

حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمہ اللہ

Phone: 021-2726509 Mobile: 03002161927, G-29 اسٹوڈنٹ بازار، اردو بازار، کراچی | مکتبہ بیت العلم | E-mail: bit-trust@cyber.net.pk